انجمن خدّام القرآن
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ
www.QuranAcademy.edu.pk

مرکزی دفتر
B-375، پہلی منزل، علامہ شبیر احمد عثمانیؒ روڈ، بلاک 6
گلشن اقبال، کراچی۔ پاکستان۔ 7-34993436-21-92+
0333-4993437 ، 0336-4993434
info@QuranAcademy.com

بانی: ڈاکٹر اسرار احمدؒ

ذیلی ادارے

قرآن اکیڈمی ڈیفنس
مسجد جامع القرآن، خیابانِ راحت، درخشاں، اسٹریٹ 34، فیز 6، ڈیفنس، کراچی
+92-21-35340022-24

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد
شارع قرآن اکیڈمی بلاک 9
فیڈرل بی ایریا، کراچی
+92-21-36806561

قرآن اکیڈمی کورنگی
متصل مسجد طیبہ، سیکٹر 35/A
زمان ٹاؤن، کورنگی نمبر 4، کراچی
+92-21-35078600

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر
مسجد جامع القرآن، سالکین بسیرا، بلاک 14، گلستان جوہر، کراچی
+92-21-34030119

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد
بنگلہ نمبر B-176، بلاک C، نزد کارڈیو ہسپتال
یونٹ نمبر 2، لطیف آباد، حیدرآباد
+92-22-3407694

قرآن انسٹیٹیوٹ بحریہ ٹاؤن
بلڈنگ نمبر 305 لین 8 پریسنٹ 10A
اولڈ کمرشل بحریہ ٹاؤن کراچی
0329-1174285

قرآن مرکز لانڈھی
مکان نمبر 861، سیکٹر D-37،
متصل رضوان سوسائٹی، لانڈھی نمبر 2
0333-2815528

مسجد جامع القرآن گلشن معمار
Q-IV، سیکٹر ST-03
گلشن معمار کراچی
0326-4666576

دی ہوپ اسلامک اسکول
متصل مسجد طیبہ، سیکٹر 35/A
زمان ٹاؤن، کورنگی نمبر 4، کراچی
+92-21-35074664

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تاریخ: 25 ستمبر 2025ء          حوالہ نمبر: 20-13/13022

**عنوان: اطلاع سالانہ اجلاسِ عامہ (AGM)**

محترمی و مکرمی

رکن انجمن خدام القرآن سندھ کراچی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ______________ مزاج بخیر!

اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ خط آپ کو ایمان وصحت اور اہل وعیال کی کامل عافیت کے ساتھ موصول ہو اور آپ رضائے الٰہی کی کوششوں میں مصروف ہوں۔ آمین

مدعا عرض ہے کہ دستور کی دفعہ 6.2.3.1 کے تحت سال 25-2024 کے لئے پیش آمدہ "اجلاس عامہ" کا انعقاد زیر صدارت نگرانِ انجمن محترم شجاع الدین شیخ صاحب، مورخہ 9 نومبر 2025ء بروز اتوار صبح 9:00 بجے بمقام The Venue Banquet، عسکری IV، راشد منہاس روڈ، کراچی کیا جارہا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

جیسا کہ اس امر سے آپ بخوبی واقف ہیں کہ ہر ادارے ہی کے لیے سالانہ اجلاس کئی اعتبار سے اہمیت کا حامل ہوا کرتا ہے اور وابستگان کی ادارے کے مقاصد سے دلی وابستگی اور دلچسپی کا اظہار اُن کی بروقت اور بھرپور شرکت سے ہوتا ہے تاکہ وہ ذاتی طور پر اجلاس میں شریک ہو کر ادارے کے کاموں کی تفاصیل سے آگاہ ہو سکیں، بہتری کے لیے مشورے دے سکیں اور اگر کوئی وضاحت مطلوب ہو تو حاصل کر سکیں۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہمیں دینِ متین کی اس خدمت میں بھرپور شرکت کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین!

برائے مہربانی مزید نوٹ فرمالیں کہ اجلاسِ ہٰذا میں مجلس شوریٰ برائے سال 29-2026 کے لیے انتخابات عمل میں لائے جائیں گے جس کے لیے موجودہ مجلس شوریٰ نے اپنے اجلاس منعقدہ 9 اگست 2025ء میں راقم کو ناظم انتخاب مقرر کیا ہے۔

مجلس شوریٰ کے انتخابات کے حوالے سے دستور کی دفعہ 6.3.3.3 کے تحت مرقوم ہے کہ:

"مجلس شوریٰ کے انتخاب کے لیے صرف وہی بالغ (عمر 18 سال) اراکینِ مجلس عامہ حقِ رائے دہی استعمال کر سکیں گے جن کی مدتِ رکنیت انتخاب کے سال 30 جون تک کم از کم ایک سال ہو چکی ہو اور انہوں نے اس تاریخ تک کا انفاق ادا کر دیا ہو اور ان پر انجمن کے کوئی بقایاجات نہ ہوں۔"

مذکورہ بالا دفعہ کی روشنی میں آپ سے گزارش ہے کہ براہِ مہربانی 30 جون 2025 تک کا اپنا انفاق 6 اکتوبر 2025 سے قبل مجدّد (Update) فرمالیں تاکہ آپ رائے دہی میں حصہ لے سکیں۔ انتخابات کے لیے کاروائی منسلکہ شیڈول کے مطابق مکمل کی جائے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

اجلاس سے متعلق تمام تفصیلات انجمن کی ویب سائٹ www.QuranAcademy.edu.pk پر بھی آویزاں کی جائیں گی۔

اس ضمن میں ہم آپ کے انتہائی مشکور ہوں گے اگر آپ اپنے ساتھی اراکینِ انجمن جن کے علم میں اب تک یہ معلومات نہیں ہیں انہیں اس سلسلے میں مطلع فرمائیں اور اپنے اور اپنے ساتھی اراکینِ انجمن کے درست کوائف (موبائل / واٹس ایپ نمبر اور ای میل) سے مرکزی دفتر کو آگاہ فرمائیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ ہم سب کو دینِ متین کی بیش از بیش خدمت کی توفیق عنایت فرمائے۔ آمین

منسلک:

- شیڈول برائے انتخابات (29-2026)

خیر اندیش

محمد سلمان اشرف

سکریٹری

انجمن خدّام القرآن
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ
www.QuranAcademy.edu.pk

بانی: ڈاکٹر اسرار احمد

مرکزی دفتر
B-375، پہلی منزل، علامہ شبیر احمد عثمانیؒ روڈ، بلاک 6
گلشن اقبال، کراچی۔ پاکستان۔ +92-21-34993436-7
0333-4993437 ، 0336-4993434
info@QuranAcademy.com


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تاریخ: 25 ستمبر 2025ء

حوالہ نمبر: 13023/13-20

## شیڈول برائے انتخابات
## مجلسِ شوریٰ 29-2026

1. بروز پیر 6 اکتوبر 2025ء کو وہ ارکان جن کا انفاق 30 جون 2025ء تک مجدّد (Update) ہے اور وہ سالانہ اجلاس عامّہ میں ووٹ دینے اور انجمن کی مجلسِ شوریٰ کی رکنیت کے اہل ہیں کی فہرستیں جاری کر دی جائیں گیں۔
2. بروز جمعہ 10 اکتوبر 2025ء شام 5 بجے تک ان فہرستوں پر اعتراضات مرکزی دفتر میں جمع کرائے جاسکتے ہیں۔
3. بروز ہفتہ 11 اکتوبر 2025ء کو وہ ارکان جو سالانہ اجلاسِ عامّہ میں ووٹ دینے اور انجمن کی مجلسِ شوریٰ کی رکنیت کے اہل ہوں گے کی حتمی فہرستیں جاری کر دی جائیں گی نیز اہل اراکین برائے رکنیتِ شوریٰ کی فہرستوں میں شامل تمام حضرات کو اقرار نامے بذریعہ ای میل و واٹس ایپ ارسال کر دیے جائیں گے۔
4. بروز جمعہ 17 اکتوبر 2025ء شام 5 بجے تک وہ ارکان جو الیکشن میں حصہ لینا چاہتے ہیں اپنے اقرار نامے مرکزی دفتر میں جمع کرواسکتے ہیں، مزید بر آں اراکین بذریعہ ای میل Secretary@QuranAcademy.edu.pk پر بھی اپنی رضامندی کا اظہار کر سکتے ہیں۔
5. بروز ہفتہ 18 اکتوبر 2025ء کو الیکشن میں حصہ لینے والے اراکین کی فہرست جاری کر دی جائے گی۔
6. بروز منگل 21 اکتوبر 2025ء تک وہ ارکان جو الیکشن سے دستبردار ہونا چاہتے ہیں ناظمِ انتخاب کو مرکزی دفتر میں تحریراً یا بذریعہ Email مطلع کر سکتے ہیں۔
7. بروز جمعرات 22 اکتوبر 2025ء کو الیکشن میں حصہ لینے والے ارکان کی حتمی فہرست جاری کر دی جائے گی۔

نوٹ: یہ تمام فہرستیں انجمن کے مرکزی دفتر اور ذیلی اداروں میں آویزاں کی جائیں گیں، اس کے علاوہ انجمن کی ویب سائٹ (www.QuranAcademy.edu.pk) پر بھی جاری کی جائیں گی۔

طالبِ دعاء

محمد سلمان اشرف

محمد سلمان اشرف
سیکریٹری و ناظم انتخاب


ذیلی ادارے

قرآن اکیڈمی ڈیفنس
مسجد جامع القرآن، خیابانِ راحت،
درخشاں، اسٹریٹ 34، فیز 6، ڈیفنس، کراچی
+92-21-35340022-24

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد
شارع قرآن اکیڈمی بلاک 9
فیڈرل بی ایریا، کراچی
+92-21-36806561

قرآن اکیڈمی کورنگی
متصل مسجد طیبہ، سیکٹر 35/A
زمان ٹاؤن، کورنگی نمبر 4، کراچی
+92-21-35078600

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر
مسجد جامع القرآن، سالکین بسراء،
بلاک 14، گلستان جوہر، کراچی
+92-21-34030119

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد
بنگلہ نمبر B-176، بلاک C، نزد کارڈیو ہسپتال
یونٹ نمبر 2، لطیف آباد، حیدر آباد
+92-22-3407694

قرآن انسٹیٹیوٹ بحریہ ٹاؤن
بلڈنگ نمبر 305 لین 8 پریسنٹ 10A
اولڈ کمرشل بحریہ ٹاؤن کراچی
0329-1174285

قرآن مرکز لانڈھی
مکان نمبر 861، سیکٹر 37-D،
متصل رضوان سوسائٹی، لانڈھی نمبر 2
0333-2815528

مسجد جامع القرآن گلشن معمار
ST-03، سیکٹر Q-IV
گلشن معمار کراچی
0326-4666576

دی ہوپ اسلامک اسکول
متصل مسجد طیبہ، سیکٹر 35/A
زمان ٹاؤن، کورنگی نمبر 4، کراچی
+92-21-35074664